
22

4408CH22

# ہماری تہذیب

ہمارا ملک ہندوستان بڑا مُلک ہے۔ یہاں جو لوگ رہتے ہیں ان کے مذہب، زبانیں، رنگ روپ، لباس، کھانا پینا اور رسم و رواج اگرچہ سب ایک دوسرے سے الگ ہیں مگر سب مِل جُل کر رہتے ہیں۔ یہ ایک ایسے چمن کی طرح ہے، جس میں رنگ برنگ کے پھول اپنی بَہار دِکھا رہے ہوں۔ آپ جانتے ہی ہیں کہ ایسا چمن کتنا خوب صورت نظر آتا ہے۔ ہندوستان بھی ایسا ہی خوب صورت چمن ہے۔ اس کی رنگ برنگی تہذیب ساری دنیا میں مشہور ہے۔





ہندوستان کے رہنے والوں میں میل جول اور پیار محبت کا جذبہ پیدا کرنے کی سب سے زیادہ کوشش صوفی سَنتوں نے کی ہے۔ صوفیوں کی خانقاہیں اور سَنتوں کی کُٹیاں انسان دوستی اور بھائی چارے کے بڑے مرکز رہی ہیں۔ آج بھی اجمیر شریف میں خواجہ معین الدین چشتیؒ، پنجاب میں بابا فریدالدین گنج شکرؒ اور دہلی میں حضرت نظام الدین اولیاؒ کی درگاہیں ہندو مسلم اتّحاد اور ملاپ کا نظارہ پیش کرتی ہیں۔ اسی طرح سنت کبیر داس اور گرونانک کی تعلیمات سے بھی ہندوستان کی ملی جلی تہذیب پروان چڑھی۔



© NCERT not to be republished



ہمارے ملک میں ہندو، مسلم، سکھ اور عیسائی آپس میں بھائی بھائی کی طرح رہتے ہیں۔ یہاں کے تہوار ہولی، دیوالی، عید، بیساکھی اور کرسمس سب لوگ مل کر مناتے ہیں اور ایک دوسرے کی خوشیوں میں شریک ہوتے ہیں۔

ہماری اردو زبان ہندوستان کی ملی جلی تہذیب کی اچھّی مثال ہے۔ اردو ہندوستان میں پیدا ہوئی۔ اُسے بولنے، پڑھنے اور سمجھنے والے ہر مذہب کے لوگ ہیں۔ ان سبھی نے مل کر اس کے ادب کو مالا مال کیا ہے۔ ہندوستان کے دور دراز علاقوں کا سفر کیجیے تو ایسا لگتا ہے کہ اِس ایک ملک میں کئی ملک آباد ہیں۔ اس کے پہاڑ، ندیاں، کھیت، میدان اور ریگستان، اس میں رہنے والوں کے رنگ روپ، رہن سہن، بولی ٹھولی اور طور طریقے ہمیں ایک ساتھ کئی ملکوں کی سَیر کرا دیتے ہیں۔



کثرت میں وَحدت یا انیکتا میں ایکتا اسی کو کہتے ہیں۔ ہماری ملی جلی تہذیب کا یہ پہلو بہت روشن اور خوب صورت ہے۔ ہمیں ہر قیمت پر اپنی تہذیب کے اس رنگ کی حفاظت کرنی ہے۔



© NCERT not to be republished

# مشق



## لفظ اور معنی

| | | |
|---|---|---|
| جذبہ | : | جوش، احساس |
| اتّحاد | : | میل جول، ایکتا |
| خانقاہ | : | درویشوں کے رہنے کی جگہ، عبادت اور تعلیم کی جگہ |
| پروان چڑھنا | : | فروغ پانا، ترقّی کرنا |
| کثرت | : | زیادہ ہونا، بہتات |
| وَحدت | : | ایک ہونا |
| انیکتا | : | الگ الگ ہونا، بے میل |



## غور کیجیے:

- ہمارے ملک ہندوستان میں الگ الگ مذاہب کے ماننے والے اور مختلف زبانیں بولنے والے لوگ رہتے ہیں۔ لوگوں کے رسم و رواج، تہوار، لباس اور رہن سہن الگ الگ ہیں، پھر بھی آپس میں مل جل کر رہتے ہیں۔ اسی کو کثرت میں وَحدت اور انیکتا میں ایکتا کہتے ہیں۔
- ہمارے ملک کی ملی جلی تہذیب کو پروان چڑھانے میں صوفی سَنتوں کا بڑا اہم کردار ہے۔



## سوچیے، بتایئے اور لکھیے:

1۔ ہندوستان کو خوب صورت چمن کیوں کہا گیا ہے؟

2۔ ملک کی تہذیب کو پروان چڑھانے والے صوفی سَنتوں کے نام بتایئے؟

3۔ اردو زبان کس چیز کی اچھی مثال ہے؟



2019-20

© NCERT not to be republished

4۔ اردو زبان کہاں پیدا ہوئی؟
5۔ انیکتا میں ایکتا کا کیا مطلب ہے؟
6۔ ملک میں منائے جانے والے چند تہواروں کے نام لکھیے۔



## خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

1۔ ہمارے ملک میں ہندو، مسلم، سکھ اور عیسائی آپس میں ..................... کی طرح رہتے ہیں۔
2۔ ہماری اردو زبان ہندوستان کی ملی جلی تہذیب کی اچھی ..................... ہے۔
3۔ اردو ..................... میں پیدا ہوئی۔
4۔ ہمیں ہر قیمت پر اپنی تہذیب کے اس رنگ کی ..................... کرنی چاہیے۔
5۔ ہمارا ہندوستان ایک بڑا ..................... ہے۔



## اِن لفظوں سے جملے بنائیے:

مذہب　　چمن　　تہوار　　تہذیب　　روشن



## آپ ''اسم، فعل اور صفت'' کی تعریف پڑھ چکے ہیں۔ اِس سبق سے صحیح خانوں کے مطابق الفاظ تلاش کر کے لکھیے:

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسم | | | | | | | | | | |
| فعل | | | | | | | | | | |
| صفت | | | | | | | | | | |

© NCERT not to be republished



2019-20



نیچے دی ہوئی تصویروں کو اُن کے صحیح نام سے ملائیے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ |  | 1۔ | مسجد |
| 2۔ |  | 2۔ | مندر |
| 3۔ |  | 3۔ | گرجا گھر |
| 4۔ |  | 4۔ | گرونانک |
| 5۔ |  | 5۔ | کبیر داس |



تعلیمات تعلیم کی 'جمع' ہے۔ اسی طرح 'ا' اور 'ت' لگا کر نیچے دیے ہوئے لفظوں سے 'جمع' بنائیے:

| واحد | جذبہ | حضرت | انتظام | احسان | مکان |
|---|---|---|---|---|---|
| جمع | | | | | |

© NCERT not to be republished



## 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملا کر جملے مکمّل کیجیے:

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| رسم و رواج اگرچہ سب ایک دوسرے | اور کرسمس سب لوگ مل کر مناتے ہیں۔ |
| صوفیوں کی خانقاہیں اور سَنتوں کی کُٹیاں | ملی جلی تہذیب کی اچھی مثال ہے۔ |
| یہاں کے تہوار ہولی، دیوالی، عید، بیساکھی | بہت روشن اور خوب صورت ہے۔ |
| ہماری اردو زبان ہندوستان کی | انسان دوستی اور بھائی چارے کے بڑے مرکز رہی ہیں۔ |
| ہماری ملی جلی تہذیب کا یہ پہلو | سے الگ ہیں مگر سب مل جل کر رہتے ہیں۔ |

- ....................................................................................................
- ....................................................................................................
- ....................................................................................................
- ....................................................................................................
- ....................................................................................................

© NCERT not to be republished



## اِن لفظوں کے متضاد لکھیے:

| دوستی | بہار | خوشی | خوب صورت | ایکتا | روشن | آباد | زیادہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |